حیسکو پریس ریلیز مورخہ 06 جنوری 2022

موسم سرما کی بارشوں کا سلسلہ جاری ہے، حیسکو انتظامیہ نے "رین ایمرجنسی" نافذ کر کے تمام ملازمین کی چھٹیاں منسوخ کردی ہیں۔ حیسکو ہیڈکوارٹر کنٹرول روم" قائم کردیا گیا ہے۔ بجلی صارفین ان دیئے گئے نمبرز پر 24 گھنٹے رابطہ کر کے اپنی بجلی سے متعلق شکایات حل کرواسکتے ہیں۔

9240005/9240006/0304-1927608 ۔حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو

انسانی جان بہت قیمتی ہے، اس لیئے خود کی اور دوسروں کی حفاظت ضروری ہے، بجلی کے کھمبوں، سوئچ بورڈ ، یا برقی آلات سے گیلے ہونے کی صورت میں استعمال سے گریز کریں۔ حیسکو انتظامیہ

☆ حیدرآباد( )حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو انتظامیہ کی جانب سے موسم سرما کی برسات کے سلسلے کو مدنظر رکھتے ہوئے حیسکو میں رین ایمرجنسی نافذ کر کے تمام ملازمین کی چھٹیاں منسوخ کردی گئی ہیں اور حیسکو ہیڈکوارٹر میں بجلی صارفین کی شکایات کو سننے اور اس کے فوری حل کیلیئے حیسکو چیف آپریٹنگ آفیسر عبدالرحیم سومرو کو فوکل پرسن تعینات کر کے ان کی سربراھی میں " کنٹرول روم " قائم کیا گیا ہے۔ صارفین 24 گھنٹے بجلی سے متعلق کسی بھی قسم کی فنی خرابی کی جلد از جلد بحالی کیلیئے حیسکو ان ٹیلی فون نمبرز9240005/9240006/0304-1927608 پر رابطہ کر کے شکایت درج کرائیں جن کو فوراً ہی حل کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ حیسکو چیف نور احمد سومرو نے پہلے ہی رین ایمرجنسی فانذ کر کے آپریشن اور GSC، GSO کے ملازمین کی چھٹیاں منسوخ کردی ہیں، اسکول و ہسپتال کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنائیں، صارفین سے خوش اخلاقی سے پیش آئیں کیونکہ ہمیں صارفین کی کیئر کرنی ہے، اور صارف ہمارے محافظ ہیں، ان کی شکایات کے فوری حل کو یقینی بنایا جائے ، اور صارفین سے اپیل کی ہے کہ بجلی کے بندش کے دوران حیسکو عملے سے تعاون کریں تاکہ فنی خرابی کو جلد از جلد دور کر کے بجلی کی بحالی کو یقینی بنایا جاسکے۔ انسانی جان بہت قیمتی ہے ، اس لیئے جان کی حفاظت ضروری ہے، عوام موسم سرما کی بارشوں میں بجلی کے کھمبوں ، تاروں ، سوئچ بورڈ یا بجلی سے چلنے والے آلات کو گیلے ہونے کی صورف میں استعمال سے گریز کریں ، اور غیر ضروری سائن بورڈ ، درختوں اور بجلی کی تاروں کے نیچے نہ رکیں۔ حیسکو ساتھ تعاون کریں خود بھی محفوظ رہیں اور دوسروں کو بھی محفوظ رکھیں۔ آپ کے تعاون کا متمنی

حیسکو۔